DATE LABEL

Call No. ٣٣٤ ١٥٩ ٣٣٤٣ ٩٢٥ م   Date.......... ....

Account No. 49471

J. & K. UNIVERSITY LIBRARY

This book should be returned on or before the last stamped above. An overdue charges of 6 nP. will be levied for each day. The book is kept beyond that day.

مجیدی پریس کانپور کی سعی مشکور

بفضلہٖ فی الحال لغات قدیمہ جدیدہ عربی۔ فارسی۔ ترکی۔ لاطینی۔ فرانسیسی کا گنجینہ کنایات و اشارات معرب و مفرس لغات انگریزی کا خزینہ یعنی لغات سعیدی مطبع ہذا سے شائع ہو کر قبولیت عامہ کا خلعت حاصل کر چکی ہے۔ بڑے بڑے مدرسین و معلمین نیز اہل الرائے و اہل قلم حضرات نے اسکو پسند فرما کر اپنی قدردانی کا ثبوت دیا ہے جنکی زرین آرا پمفلٹ کی صورت مین شائع کر دی گئی ہین اب خاص زبان اُردو کی طرف بھی مطبع ہذا نے اپنی توجہ مبذول کی ہے اور اُسکا ایک بہت بڑا ذخیرہ مہیا کر کے اِسکا اہتمام کیا ہے کہ اس بحر زخار کے تمام گوہر ہاے آبدار کو علیحدہ علیحدہ ناظرین کے سامنے پیش کر دیا جائے چنانچہ اس مین بعض رسالہ جات تیار ہو گئے ہین اور بعض زیر طبع و زیر ترتیب ہین جنکی فہرست حسب ذیل ہے۔

کتب طبع شدہ

مُلک کی زبان محاورات ہندوستان

اس کے حصۂ اول مین تمام و کمال وہ محاورات و ضرب الامثال بلا اسناد جمع کرگئے ہین جو زبانزد خاص و عام ہین اور حصۂ دوم مین بترتیب حروف تہجی مع اسناد اُستادان الفاظ مذکر و مونث و نیز اُن الفاظ کی جو تذکیر و تانیث دونون طرح بولے جاتے ہین پوری تشریح ہے قیمت عہ ر

محاورات نسوان و خاص بیگمات کی زبان

اس کے حصۂ اول مین وہ محاورات اور ضرب الامثال مع اسناد جمع کیے گئے ہین جو عورتون کی زبانپر بیشتر اور مردون کی زبانپر کمتر آتے ہین اور حصۂ دوم مین خاص محلورات محلات دہلی و لکھنؤ مع اسناد درج ہین قیمت ۸ ر

بازاری زبان و خاص اصطلاحات پیشہ وران

اس کے حصۂ اول مین بازاری زبان اور دوسرے مین محاورات عامیان اور تیسرے مین خاص اصطلاحات پیشہ وران و نشہ بازان وغیرہ ہے۔ قیمت ۸ ر

منیر البیان فی تحقیق اللسان

اسمین ہندی فارسی۔ عربی۔ سنسکرت۔ انگریزی الفاظ کا توافق صوری و معنوی اُردو زبان سے اور تخالف زبان دہلی و لکھنؤ نہایت تفصیل سے بترتیب حروف تہجی درج ہے اور آخر مین اُردو و اشعار فارسی کا توافق دکھایا گیا ہے قیمت ۸

۲۹۱۰۷۳۳
۲۹۲۵ م
J. & K. UNIVERSITY LIB
Acc. No. 49471
CHECKED

ALLAMA IQBAL LIBRARY
49471

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ (اول)

از قلم معجز رقم جناب محمد شمیم الدین صاحب شمیم دہلوی زاد اللہ مجدہٗ

آجکل کسی کتاب کا دیباچہ یا مقدمہ نگاری اس امر کی دلیل سمجھی جاتی ہے کہ خواہ مخواہ تعریف کے پل باندھے گئے ہونگے - اور مصنف کتاب بھی کسی ایسے شخص کو اس کام کے لئے منتخب کرتا ہے - جو جا و بیجا تعریف کرنے مین کسی قسم کا پس و پیش نکرتا ہو - جو کتاب کے روشن و تاریک ہر دو پہلو کو دنیا کے سامنے تعریفی الفاظ مین پیش کر سکے - غرضکہ آجکل مقدمہ نگاری اسی اصول پر ہوتی ہے، اور اس سے راقم الحروف بھی واقف ہے - مگر ان صفات سے عاری - جو مقدمہ نگار ضمیر کے خلاف بیجا خوشامد کے لئے تاریک چیز کو روشن بنانے مین صرف کرتے ہین -

کتاب زیر بحث کانپور کے مشہور و معروف مطبع مجیدی کے نئے سلسلہ کی پانچوین کڑی ہے جو صرف ادب اردو کو مقبول عام بنانے کیلئے بیدریغ روپیہ صرف کر کے شایع کیجا رہی ہین - لغات سعیدی، محاورات النسوان، اصطلاح پیشہ وران اور غلط العوام شایع ہو کر اسوقت ہاتھون ہاتھ فروخت ہو رہی ہین - انکے بعد اب یہ کتاب اپنی نوعیت مین سب سے علیحدہ اور ایک خاص چیز ہے - شکر ہے، کہ مین ایک ایسی کتاب کے متعلق اپنا ذاتی خیال حوالہ قلم کر رہا ہون جسمین کسی تاریک پہلو کی گنجایش ہی نہین، مضامین نثر مین افسانہ - ڈراما - یا کوئی مضمون کسی پلاٹ یا نوعیت پر مبنی ہوتا ہے اور اسمین مضمون نگار کے حسن و قبح کا حال ہر شخص کو معلوم ہو جاتا ہے مگر ایک ایسی کتاب مین جو صرف ترویج زبان کے اصول پر لکھی گئی ہو، کسی قسم کی برائی ہو ہی نہین سکتی ... ہان - کوئی کمی ضرور باقی رہ سکتی ہے تو اسکے متعلق میرا یقین ہے - کہ دنیا کا بڑے سے بڑا مصنف - مرتب یا مترجم بھی یہ دعویٰ پیش نہین کر سکتا - کہ اسکی پیش کردہ تصنیف بالکل مکمل ہے - اور جب یہ کلیہ ہے، تو کوئی وجہ نہین کہ اس کتاب کیلئے بھی اس قسم کا دعویٰ کیا جائے، یہ ظاہر ہے کہ مرتب نے اپنے ذاتی علم کے مطابق کسی کتاب مین کوئی کمی نہین رکھا، مگر تقاضائے بشریت سے ہر شخص مجبور ہے ... اور مین اسکا قائل ... لہٰذا میری نظر مین اس قسم کا اعتراض کہ اس کتاب مین فلان بات رہگئی اور فلان کمی نظر آتی ہے کوئی وقعت نہین رکھتا

اس مختصر کتاب مین کتنی باتوں پر روشنی ڈالی گئی ہے، اُسکا صحیح اندازہ تو آپ یکبار مطالعہ کرنیکے بعد ہی کرسکینگے، تاہم مثال کے طور پر عرض کرتا ہون، کہ لکھنؤ اور دہلی کے محاورات کو لیجیے... دونون مقامات کے محاورات زبان اُردو کے لئے سند ہین... ایک صاحب کہتے ہین "تم نے آموختہ پڑھ لیا" دوسرے صاحب کہتے ہین، کہ یہ غلط ہے "آموختہ پھیر لیا کہنا چاہیئے"... دیر تک بحث ہوتی ہے، اور نتیجہ کچھ نہین نکلتا - اگر ان دونون حضرات کو اتنا معلوم ہوتا کہ یہ دونون محاورے صحیح ہین - تو یہ فضول بحث نہوتی - ان قضیون کو طے کرنیکے لئے یہ کتاب بہترین چیز ہے - پہلا باب اسی قسم کے محاورات کی تفصیل پر مبنی ہے، جسکا اندازہ ہر صاحب ذوق باسانی کرسکتا ہے - دوسرے باب مین اہل ہنود کے محاورات کی تفصیل ہے یہ صرف اسلیئے کہ اُنمین ہندی الفاظ کی شرکت زیادہ ہے ورنہ اُنمین سے بچاس فیصدی محاورات مسلمانون کی زبان پر بھی ہین - مثلاً لکھنؤ والے کہتے ہین "آؤ بھگت کرنا" - دہلی والے کہتے ہین "آگا تاگا لینا" - ایک کہتا ہے "اکڑ فون" دوسرا کہتا ہے "اکڑ پھون"، کتنا جزوی اختلاف ہے، محاورہ ایک، معنے ایک، بات ایک، اظہار مدعا ایک، مگر ہزارون ایسے ہونگے، جو اسکی صحت پر شک کرتے ہونگے، جنھین یہ بھی نہ معلوم ہوگا - کہ آخر اُنمین فرق کیا ہے... ان سبکو یکجا جمع کردینا - لکھنؤ - دہلی کا مابہ الامتیاز فرق بتلانا کچھ کم داد طلب ہے - کیا اسکے مفید مطلب ہونے سے کوئی شخص انکار کرسکتا ہے -

اسیطرح تیسرے باب مین ہندو مسلمانون کے محاورات پر بحث کیگئی ہے - جو کسی طرح جدت سے کم نہین، اسکے بعد وہ الفاظ بالترتیب درج کیے گئے ہین، جو دوسری زبان سے لیکر مہند بنائے گئے ہین، غرض کہ تمام کتاب اسی قسم کے الفاظ سے پُر ہے - جنکو زبان اُردو مین داخل کرلیا گیا ہے، لیکن اُنکی اصلیت کیا ہے، وہ کس زبان سے تعلق رکھتے ہین اُنھین کسطرح بگاڑا یا مروڑا گیا ہے، ان تمام امور کو اس کتاب مین اس خوبصورتی کے ساتھ ظاہر کیا گیا ہے کہ بیساختہ تعریف کرنا پڑتی ہے اور مین اسکی تعریف مین زیادہ الفاظ لکھنا اسلیئے پسند نہین کرتا کہ کسی قدر اسمین میری بھی شرکت ہے - اسکے آخر مین چند ایسے اشعار جمع کیے گئے ہین جنکا فارسی اور اُردو مفہوم تقریباً ایک ہے اسکو کتاب کا آخری اور تفریحی باب سمجھیے... اور یہ بعض بزرگان دین کی سنت کا تتبع ہے کہ وہ اپنے حلقہ مریدان و معتقدان مین جب وقت وعظ و نصائح سے فارغ ہوتے... تو حاضرین مین سے کسی شاعر کو اپنا کلام سنانیکا اشارہ کرتے، اور اُسکو

سُنکر خود بھی محظوظ ہوتے ... اور حاضرین بھی علی ہذا اس کتاب مین خشک و تر مفید ابواب پیش کرنے کے بعد یہ بطور ضمیمہ اسلیئے اضافہ کردیا گیا ہے کہ آپ فارسی اور اردو کے شعرا کا ایک ہی مفہوم پر زور طبع ملاحظہ کرین، مثالاً دو ہی اشعار ملاحظہ ہون:-

	اشعار	
خسروؔ ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ برکف بامید آنکہ روزے بشکار خواہی آمد		میرؔ ہر سو سر تسلیم رکھے صید حرم ہین وہ صید فگن تیغ بکف تا کدھر آئے
جلالؔ نہ از گردون مے عشرت طلب کن چہ ظرفے ہندے از خالی سبو یان		ذوقؔ مے عشرت طلب کرتے ہین ناحق آسمان سے ہم کہ آخر جب اُسے دیکھا فقط خالی سبو پایا

مجھے مسرت ہے۔ کہ سطور بالا میرے صحیح جذبات کی آئینہ دار ہین اور اُسکی صحت کا فیصلہ اُن تمام حضرات پر ہے جو اس کتاب کو شرف مطالعہ بخشین۔

فقط
شمیم۔ ۲۲ جون سنہ ۱۹۳۰ع

شکریہ

مین بکمال خلوص و نیازمندی سے جناب شمیم صاحب بلہوری، کا شکرگذار ہون کہ آپنے اس رسالہ کی تالیف مین میری پوری اعانت فرمائی اور اپنے قیمتی وقت کو میرے ہاتھ بٹانے مین صرف کرکے میری محنت ٹھکانے لگائی اور اُمید کرتا ہون کہ آیندہ بھی وہ میری ہمت افزائی فرماتے رہینگے۔

حقیر۔ منیر۔ مؤلف کتاب ہذا

انڈکس رسالۂ ہذا

مضامین	صفحہ
(حصۂ اول تخالف اللسان)	
قسم اول لکھنؤ و دہلی کے اہل اسلام کے محاورات کا فرق بترتیب حروف تہجی	۱
قسم دوم ہندوؤنکے محاورات کا فرق بترتیب حروف تہجی	۱۱
قسم سوم ہندوؤن اور مسلمانونکے خاص خاص محاورات کا فرق بترتیب	۱۸
قسم چہارم وہ غیر زبان کے الفاظ جو اردو کے قالب مین ڈھال لیے گئے ہین	۲۳
طبقۂ اول سنسکرت اور ہندی الفاظ جو ہند بنا لیے گیے	
(۱) بہ تبدیل اعراب	۲۳
(۲) بہ تبدیل حروف	۲۴
(۳) بہ تخفیف حروف	۲۸
(۴) بزیادت حروف	۳۰
(۵) بہ تبدیل و تخفیف حروف	۳۱
(۶) بہ تبدیل و زیادت حروف	۳۲
طبقۂ دوم الفاظ فارسی و عربی و ترکی جو ہند بنا لیے گیے ہین	۳۴

مضامین	صفحہ
(۱) بہ تبدیل اعراب	۳۴
(۲) بہ تبدیل حروف	۳۶
(۳) بہ تخفیف حروف	۳۸
(۴) بزیادت حروف	۳۹
(۵) بہ تبدیل و تخفیف حروف (۶) بہ تبدیل و زیادت حروف	۴۱
(۷) ترکیب الفاظ ہندی و غیر ہندی	۴۲
(۸) مصادر غیر وضعی	۴۴
(۹) بتدیل معانی لغوی بترتیب حروف تہجی	۴۵
طبقۂ سوم فارسی خوانان ہند کے اختراعی الفاظ بترتیب حروف تہجی	۵۵
طبقۂ چہارم انگریزی الفاظ جو ہند بنالیے گئے ہین (۱) بہ تبدیل اعراب	۵۹
(۲) بہ تبدیل حروف	۶۰
(۳) بہ تخفیف حروف	۶۲
(۴) بزیادت حروف	۶۵
(۵) بہ تبدیل و تخفیف حروف	"
(۶) بہ تبدیل و زیادت حروف	۶۸
(۷) بہ حذف حروف	"
(۸) بہ زیادت الفاظ	"
(۹) بہ تبدیل لفظ و زیادت حروف	۶۹
(۱۰) جمع بجائے واحد	"
(۱۱) بہ تبدیل معانی لغوی	"
حصہ دوم توافق اللسان	۷۰
(۱) توافق لفظی و معنوی عربی کا سنسکرت و ہندی سے بترتیب	"
(۲) توافق لفظی و معنوی فارسی کا سنسکرت و ہندی سے بترتیب	"
(۳) توافق فارسی محاورات کا اردو محاورات سے بترتیب	۹۳
(۴) توافق فارسی اشعار کا اردو اشعار سے	۹۷
مؤقر آرا	۹۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ (دوم)

(مؤلف) تحقیق اللسان

اُردو زبان دراصل برج بھاشا سے پیدا ہوئی ہے جسکو سنسکرت بھی کہتے ہین، یہی وہ زبان تھی جسکو دیو بانی کے مبارک نام سے نامزد کیا جاتا تھا جسکے معنی زبان الٰہی یا زبان شاہی کے ہین۔ فارسی زبان مین بھی اسکی شعاعین نظر آتی ہین اور اُسمین بعض ایسے الفاظ ہین جو سنسکرت سے ملتے جلتے ہین لیکن یہ بتانا مشکل ہے کہ ایرانیون نے یہ الفاظ ہندوؤنسے لیے ہین یا ہندوؤن نے ایرانیون سے مگر یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ برج بھاشا ہندوستان کی وہ خاص قدیمی اور مستقل زبان ہے جسکی ابتدا بڑے بڑے مورخون کو بھی نہین معلوم ہے اُردو کی عمر ابتک سات آٹھ صدی کو شاید پہونچی ہوگی اوراسکی تخلیق یون ہوئی کہ بادشاہان ایران جب ہندوستان پر قابض ہوئے تو اپنے ساتھ وہی رائج الوقت فارسی لائے جو اس زمانے مین وہان بولی جاتی تھی اور جسمین عربی۔ ترکی زبان کے ہزارون الفاظ مخلوط تھے یہان۔ یعنی ہندوستان مین وہی پرانی سنسکرت جاری تھی رفتہ رفتہ یہ ہوا کہ یہ مختلف قوم کے لوگ یعنے ایرانی و ہندوستانی کچھ الفاظ فارسی اور کچھ ہندی ملا جلا کر اپنا کام چلانے لگے۔ کیونکہ آٹھ پہر ایک جگہ رہنا سہنا اور آپس مین لین دین کرنا تھا۔ اُدھر اہل ہنود سے کایستھ فارسی پڑھ پڑھ کر شاہی دفترون مین داخل ہونے لگے اور اِدھر تاجر پیشہ دوکاندار ایرانی ٹوٹی پھوٹی ہندی بولکر اپنی گذر کرنے لگے جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ان دونون زبانون کے گٹ مٹ ہونے سے ایک نئی زبان جسکو لشکر کی زبان کہا جاتا تھا پیدا ہوگئی لیکن ابھی اُسنے خواص کی مجلسون مین بار نہین پایا تھا صرف عام بازاریون ہی مین اسکا چرچا تھا، اسکا دوسرا نام ریختی بھی تھا، اُسوقت اسکی کسکو خبر تھی کہ یہ زبان شاہجہان

ایسے بادشاہ کی گود مین نشو و نما پائے گی اور تمام عالم کی منظور نظر ہو جائیگی۔ یہ وہ زبان تھی جسنے پھیلکر تمام روئے زمین کو اپنے سایہ مین لے لیا اور مہمان نوازی کا حق یہ ادا کیا کہ ذرا بھی تعصب کو راہ ندی اور دوسری زبانون سے ایسی شیر و شکر ہو کر ملی کہ آج یہ جاننا دشوار ہو گیا کہ یہ لفظ کس زبان سے اسمین آیا ہے۔ سنسکرت کو اس نے اللہ آمین سے لیا۔ عربی فارسی کا اسنے خیر مقدم کیا۔ اب انگریزی الفاظ کو جسطرح پر فیاض دلی سے جگہ دے رہی ہے اُس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُسکے انتظار ہی مین بیٹھی تھی ایک وقت وہ بھی آنے والا ہے کہ جب بالکل اُسکے رنگ مین رنگ جائے گی اور عربی فارسی کیطرح انگریزی زبان بھی اُسپر پورا قبضہ پائیگی۔ شاہان مغلیہ کی تو یہ پروردہ تھی اُنھون نے اسکی ترقی مین تو کوئی کسر نہ اُٹھا رکھی اور بادشاہ کا رجحان دیکھکر ہر شخص اسکا دلدادہ ہو گیا۔ اور شعرا نے اسکو اُبھارنا شروع کیا تصنیفات کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ غزلین اور نظمین اس زبان مین کہی جانے لگین شاعرون کو بھی اپنی ذہانت دکھانے اور بادشاہ سے خلعت تحسین و آفرین حاصل کرنے کا شوق ہوا۔ پھر کیا تھا دہلی ایسے شہر مین اسکا ڈنکا پٹ گیا۔ بڑی بڑی کتابین اسمین تصنیف ہونے لگین جب سلطنت مغلیہ کا چراغ جھلملانے لگا تو اِسکے مربّی اور سرپرست اسکو اپنے کلیجے سے لگائے لکھنؤ چلے آئے۔ اہل لکھنؤ سے مہمان نواز آج بھی دنیا کے پردے مین نہین ہین یہ اُن کی خلقی خاص صفت ہے جسمین یہ مشہور زمان ہین اور اب مٹی حالت پر بھی اُنسے دوسرے شہرون کے بڑے بڑے روسا ٹکر نہین کھاتے ہین اُنھون نے اسکو اور اِسکے مربیون کو ہاتھون ہاتھ لیا اور اُنکے اعزاز مین کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا اور جیسے کہ فارسی مین اُنھون نے اہل ایران کا پورا مقابلہ کیا تھا اس زبان مین بھی اُن مطالب کا اظہار اس خوبصورتی سے کیا کہ باید و شاید مگر اسکو اُنکی بدقسمتی کہیے یا خوش قسمتی کہ اہل ایران نے اُنکے کلام کی داد دینا تو درکنار اُنکا نام شعرا یا اہل زبان مین داخل کرنا گناہ سمجھا اور کبھی داد دی بھی تو اُسی سرد دلی سے جو اُنکی خلقی عادت تھی مرزا سودا کا ایک لطیفہ مشہور ہے کہ شیخ علی حزین کو اس مطلع پر ؎

تا چشم تو زہ کرد کمانے بہ کمینے + یکسا صید بنا سود زمانے بہ تپینے

مطلع کہاں ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانہ مین۔ تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے مین، اور شیخ صاحب کو جاکر سُنایا تو آپنے "تڑپے ہے" کے معنی دریافت فرمائے جو بتائے گئے شاید "نچھوڑا" کے معنی معلوم ہونگے خوش ہوئے داد دی مگر "خوب گفتی و نکو گفتی" کے بعد سارٹیفکٹ جو عطا ہوا تو وہ یہ عطا ہوا کہ "وہ از پوچ گویان ہند سودا غنیمت است" اے سبحان اللّٰہ قدردانی عالم بالا معلوم شد۔ مگر ہندوستانیون کی سادہ دلی کی جو کچھ بھی تحسین کیجائے وہ کم ہے کہ اُنھون نے اُن الفاظ کو بھی ایک امتیازی تمغہ سمجھا خوب خوب اُچھالا۔ ہر ایک کے زبان زد ہو گیا اور ہر محفل مین اسکا تذکرہ ہونے لگا۔ حالانکہ شیخ صاحب کا یہ فقرہ یاد رکھنے کے قابل نہ تھا کیونکہ وہ اُردو زبان سے ناواقف تھے اور یہ ظاہر ہے کہ ہر زبان کا مزہ اہل زبان ہی جانتا ہے شیخ صاحب کا اُسکو سُنکر خوش ہونا یا داد دینا ایسا ہی ہے کہ جسطرح آج کوئی اُردو خوان انگریزی پوئٹری کا ترجمہ سُنکر خوش ہو اور داد دے یا اُسکے مصنف کو پوچ گو ٹھہرائے۔ "شیخ کا مرزا سودا کو پوچ گو بنا دینا تو سہل تھا لیکن ریختہ مین شعر کہتے تو جانتے کہ یہ پوچ گوئی کتنی پڑھی کھیر ہے" الغرض صید نہ سودا اور تڑپے ہے مرغ قبلہ نما کا فرق تو اہل زبان کے دلسے پوچھیے اور خاصکر اُنسے جو فارسی اُردو، دونون زبانون پر یکسان قبضہ رکھتے ہون، اس کتاب کے آخر مین توافق زبان کے سلسلے مین دونون زبانون کے متقابل ہم مطلب اشعار بنمونہ پیش کردیے گئے ہین جس سے ناظرین کتاب ہذا کو دونون کے طرز ادا کا اندازہ ہوجائیگا اور دونون زبانونکا لطف آئیگا۔ جب سلطنتِ اسلام کا آفتاب غروب ہوگیا تو برٹش گورنمنٹ نے اُسکو اپنے سایہ مین لیا۔ ملکی زبان تو پہلے ہی سے تھی اب دفتری زبان بھی یہی قرار پائی۔ اخبارات رسالجات بھی اُردو مین شایع ہونے لگے اور آہستہ آہستہ اس نے فارسی کو پیچھے ہٹانا اور اپنے قدم آگے بڑھانا شروع کیا یہانتک کہ معراج ترقی پر پہونچگئی اور عالمگیر ہوگئی۔ علامۂ شبلی مرحوم نے اپنے سفرنامہ مین تحریر فرمایا ہی کہ جسقدر قسطنطنیہ کے ایک ہندو بنیے کی زبان سے مجھے عربی سُنکر تعجب آیا اُتنا ہی ایک چینی اور فرانسیسی نے مجھسے اُردو مین گفتگو کرکے مجھکو حیرت مین ڈالا اور جہان کہین مین گیا مین نے اُسکا سکہ کم و بیش چلتے پایا۔ انگریزی سلطنت نے اسکی ترقی کو پیش نظر رکھکر اسمین ایک نئی روح پھونکدی اور انگریزی علوم کو بھی اس زبان مین ترجمہ کراکے شایع کرانیکا سلسلہ جاری کردیا جس سے اسمین چار چاند لگ گئے۔ ابتک عربی، فارسی الفاظ اسمین تھے ہی اب

انگریزی الفاظ بھی پورے طور سے جگہ پانے لگے - اگرچہ اسکی عمر بہت تھوڑی ہی مگر اسکی وسعت اور ترقی پکار پکار کر زبان حال سے کہہ رہی ہی کہ یہ ایک نہ ایکدن علمی زبانون کے سلسلہ مین کوئی درجہ حاصل کیے بغیر نہ رہیگی - اسکا یہ جلد جلد رنگ بدلنا اور ہر ایک رنگ کو قبول کر لینا ہمارے دعوے کا ثبوت ہے، آج اسنے جو حیرت انگیز ترقی حاصل کی ہی اسکی کسیکو توقع تھی پھر اسنے تیز رفتاری بھی غضب کی پائی ہی - چہار درویش - فسانۂ عجائب - مولانا شرر مرحوم و مولانا محمد علی کے ناولون کا تقابل تو بڑی دور ہے ایک مصنف خود اگر اپنی ایک سنہ کی تصنیف دوسرے سنہ کی تصنیف سے مقابلہ کرتا ہی تو زبان مین بین فرق پاتا ہے فی الحال سلطنت حیدر آباد نے (خدا تعالی اسکو بالا آباد آباد رکھے) اسطرف توجہ فرمائی ہی اور عثمانیہ یونیورسٹی، کے نام سے ایک سوسائٹی قائم کر کے اسکو ایک علمی زبان بنانا چاہا ہے، اللہ تعالی اُنکو اپنی کوششون مین کامیاب کرین بعض نافہم اہل ہنود اس زمانے مین اسکے درپے ہوئے تھے کہ بجائے اُردو کے تمام دفاتر سرکاری مین ہندی جاری کر دی جائے اور اُردو کے قدم ہندوستان سے اکھیڑ دیے جائین مگر اُنکی کوششین بیکار ثابت ہوئین - جب یہ دیکھا گیا کہ جو مطلب اُردو کے ایک فقرہ سے نکلتا ہے اسکے لئے ہندی مین کئی کئی سطرون کی ضرورت پڑتی ہے اور پھر بھی وہ فائدہ نہین حاصل ہوتا ہی جو اُس ایک فقرہ سے ہوتا ہے، آخر کار انھین بھی اسکو ملکی زبان مان لینا ہی پڑا اگرچہ اُسکے ساتھ ساتھ ہندی کا بھی دم چھلا لگا ہی چھوڑا خیر آمدم بر سر مطلب میری اس تحریر سے یہ غرض ہی کہ یہ بات ہر شخص پر روشن ہو جائے کہ اسپر اہل دہلی اور اہل لکھنؤ کو پورے طور سے مساوات کا حق حاصل ہی اور اسیطرح اب جو حضرات اسکے نکھارنے مین حصہ لیتے رہین گے اُنکو بھی وہی حق حاصل ہوگا جو ان دو شہرون کے حضرات کو ہے اسلیے مین نے تخالف اور توافق صرف زبان دہلی اور لکھنؤ کا ناظرین کے سامنے پیش کیا ہے اور جس جس زبان کے الفاظ ہند ہو کر اسمین داخل ہوئے ہین اُنکی پوری تشریح کر دی ہے اگرچہ یہ میری تحقیق آٹھ دس سال اُدھر کی ہے اور کیا عجب ہی کہ اب دہلی و لکھنؤ کی زبانمین وہ فرق نہ پایا جائے جو مین نے اسمین لکھا ہی مگر پھر بھی یہ کتاب طلبا اور شعرا کیلیے نہایت کار آمد و مفید ہے تاکہ وہ پرانی کتابون کی عبارت اور اُنکے محاورات کو نظر حقارت سے نہ دیکھین اور اُنکے مطالعہ سے پورا فائدہ اُٹھائین آخر مین میری التجا ہی کہ جو حضرات اس ہدیۂ محقر سے نفع اُٹھائین وہ اس عاجز ہیچ کارہ کو دعائے خیر سے فراموش نہ فرمائین، وما توفیقی الا باللہ حقیر منیر لکھنوی

حصۂ اوّل

تخالف اللسان

قسم اوّل۔ لکھنؤ و دہلی کے شعراء کی محاورات کا فرق

لکھنؤ	دہلی	لکھنؤ	دہلی
الف ممدودہ		الف مقصورہ	
آبخورہ	مٹکینا	اُبکی	آگے کو
آپسمین رہنا	خانہ بازی کرنا	اُبلق	کڑبڑا
آپ کو خاکمین ملانا		ابے تبے کرنا	ارے ترے کرنا
آپ کو مٹانا	آپا تجنا	اپنی طرف دیکھو	اپنی اور نہارو
آڑے ہاتھون لینا۔	کھپچے بھرنا۔	اپنی والی پر آجانا	اپنیون پر آجانا
آگ دہکنا	آگ لہکنا	اپنی فکر کرنا۔	اپنا سوجھتا دیا اسبیتا کرنا
آگ سلگانا	آگ بتانا	اتنے لئے	اتنے واسطے
آگ سلگنا	آگ جاگنا	اٹکل پچو	الل پڑیا
آمدنیان	آمدنیین	اجواین	اجوان
	آموختہ پھیرنا	اچانک	اچانچک
آموختہ پڑھنا	خواندگی پڑھنا	اخ تھو	حق تھو
آؤبھگت کرنا	آگا تاگا لینا	ادھر	ورے
آہستہ آہستہ	رسان رسان	ادھر کا سرا	ورلا سرا
آیندہ	اگلی دفعہ	اڑنگا	اڑبنگا

لکھنو	دہلی
اڑی ٹالنا	اڑی نکالنا
استنجا کرنا	چھوٹا استنجا کرنا
افطاری	روزہ کشائی
اِکاوَن	اِکیاون
الفتہ - الف ولام مفتوح	الفتہ - لام ساکن الف مفتوح
الم ٹلم	الم غلم
انجن لگانا	آنجنا
انگاروںکی خاک جھاڑنا	آگ دھونا
اُودھر	پرے
اودھر کا سرا	پرلا سرا
اودھیڑ	اوپاڑ
اوگنا	اوبنا
اونڈیلنا	اولینڈنا
اُونھتر (۶۹)	اونتّر
اینچا تانی	اینچا کھینچی

بائے موحدہ

لکھنو	دہلی
بابر کیٹ - بابل کیٹ	بابن کیٹ
بالائی	ملائی
باند	پال
باوُلی	باؤلو
بپھرنا	بکھرنا
اُبلنا	اوبٹنا
برائے نام	از برائے نام

لکھنو	دہلی
برطرف کرنا	نوکری سے اوتارنا
برھی روٹی	بیڑہی روٹی
بڑائی	بڑھوتری
بڑائی کرنا	بڑائی مارنا
بڑی بوڑھی	بڑبڑیری
بس بھرا	بسیلا
بغل مین دابنا	بغل مین مارنا
بعد اسکے	پیچھے کر
بغیر اُونکے	اون بغیر
بکرید	بقرعید
بندش	بندی
بُوچھار	بوچھاڑ
بولی ٹھولی	بولی ٹھٹھولی
بونڈی	ٹونڈی
بہت سا	ڈھیر سا
بھد بھد	گدبد
بھرپور	سمپورن
بھڑکنا	بدکنا
بھنک کانمین پڑنا	بھنک سُن پڑنا
بھونکنا	پھسوڑنا
بہنگی (با لفتح وکسر ہے ہونا)	بینگھی
بے ایمانی	بھچیڑ - رونٹ
بیٹھکر ٹھونسو	بیٹھکر ٹھورو

لکھنؤ	دہلی
بے خبری	بے خیالی
بے ڈھنگا	اوکھا عشق
بے لاگ کہنا	بے لاگ لپیٹ کہنا

پائے فارسی

لکھنؤ	دہلی
پاجامہ	تہ پوشی
پاس	پیڑے
پاش پاش کرنا	جھیر جھیر کرنا
پاکر۔ پکر یا (ایک درخت)	پاکھر
پانوٗن	پانوٗ
پانوٗن بھر جانا (شل ہونا)	پانوٗ سن جانا
پانون پھسلنا	پانوٗ بچلنا
پانون سمیٹنا	پانوٗ سکیڑنا
پتلی	پاتر
پٹاق	پٹاخ
پُٹ	پوٹ
پٹس	پٹن
پچکنا	پچخنا
پچھاڑین کھانا	پچخنیان کھانا
پردہ کھولنا	اوگھاڑنا
پریشان	چھدرا
پرت پرت	پرت در پرت
پرہ ۔ پرے	پرے

لکھنؤ	دہلی
پسندے کباب	پسندون کے کباب
پگھانا	پگلنا
پنواڑی	پنواڑن
پنہارن	پنہاری
پوشیدہ	چھپوان
پوس۔ ہندی ماہ	پوہ
پھر اکھڑا ہونا	پھر الگنا
پھرنا	ٹوٹنا
پھپھولا	پھلکا
پھلانگ مارنا	اولانگنا
پہن کر۔ بائے فارسی ہائے ہوز مفتوح	پھنکر۔ بائے فارسی مفتوح و ہائے ہوز ساکن
پھونجڑا	پھوسڑا
پھوہڑ	پھوڑ
پھیا	پیا
پیٹ مین ڈالنا	دھڑ مین ڈالنا
پیش امام	امام جی

تائے فوقانی

لکھنؤ	دہلی
تائید کلام کرنا	بات بڑی کرنا
تپک	ٹپک
تدبیر	اُپائے
تدبیر لڑانا	سٹ لڑانا
ترازو کی ڈوری	ترس

لکھنؤ	دہلی
تڑکے	بڑے فجر
تم ایسے لوگ۔ تمسی لوگ	تم جیسے لوگ
تن پرور۔ تنہا خور	آپ خوزادی آپ مرادی
تنہا پھرنا	چھڑے پھرنا
تو بھی	تس پر بھی
توتیا جوڑنا	وُتے جوڑنا
تھوڑا ہو جانا	تھڑ جانا
تیر کرنا	تہلانا۔ نہانا
تیرہ تیزی	تیران تیزی

تائے ہندی

لکھنؤ	دہلی
ٹنڈا	ٹنڈا
ٹوپی پہننا	تاج اوڑھنا
ٹوٹ ٹاٹ کر	ٹوٹ ٹاٹا کر
ٹھنڈ	ٹھُر
ٹیڑھا بکلا	ٹیڑ بڑنگا
ٹیم ٹام	ٹیپ ٹاپ

جیم فارسی

لکھنؤ	دہلی
جان لڑانا	جان لگانا
جبھی	تبھی
جدا جدا قسمت	جُدی جُدی قسمت
جب بھی	تس پر بھی

لکھنؤ	دہلی
جلدی	شتابی
جلی کٹی باتیں	کٹی کٹی باتیں
جوار کی بالی	جوار کی بونڈی
جوش ہونا	جوش بھرنا
جون	چلھڑ
جون کاتون	از کا از
جوہی (پھول)	جوئی
جھانجھین	جھانجن
جھربیری کے سوکھے پتے	پالا
جھل	جھونجل
جھوٹ موٹ	جھوٹی موٹ
جی میں جگہ ہونا	جی میں جماؤ ہونا

جیم فارسی

لکھنؤ	دہلی
چاٹ لگنا	چاٹ کھانا
چپک	سٹ
چپ ہونا	چپ کرنا
چڑیار	باسی
چپکانا	چکتا کر لینا
جگر مارنا	جگر کاٹنا
چمکارنا	پچکارنا
چورانوے (۹۴)	چورانویں
چوکی (پاخانہ کی)	حاجتی

لکھنؤ	دہلی
چھان بنان	پرچُول
چھٹکارا	سوفِتہ
چُھپاتا رنگ (بفتح اول)	چُھپاتا رنگ (بضم اول)
چہل پہل	گھما گھمی
چھما چھم ناچ ہونا	تھئی تھئی ناچ ہونا
حای حطی	
حال آنا	حالت آنا
حال لانا	حال کھیسانا
حقہ	بھنڈا
حمل ہونا	مُنخی پھولنا
خای معجمہ	
خاصے کے گھوڑے	خاصے گھوڑے
خاطر مین آنا	خاطر تلے آنا
خاموشی ہوگئی	چپ چاپ ہوگئی
خرادچڑھانا	خراط چڑھانا
خمیرہ تمباکو	بُھلسا
خُنکی	ٹھر۔ٹھنڈ
خوبصورت	ابلا پری
خیرات	بسیلا
ختنہ	مسلمانی
ختم ہوجانا	چُک جانا

لکھنؤ	دہلی
دال مہملہ	
داڑھین	کچلیان
درجہ ہونا	نکھا ہونا
دست آنا	دست چھوٹنا
دست چالاک	ہاتھ چالاک
دشمنی	اڑ پیچ
دن سے توپ چلنا	دھن سے توپ چلنا
دوڑے دوڑے آنا	بھاگے بھاگے آنا
دونون	دونو
دِن گذرنا	دِن ٹلنا
دہر وہر	دہڑ وہڑ
دہل جانا	دہل پڑنا
دھمکانا	دہرانا
دھمکی مین آنا	دھمکنا
دھوپ چھاؤن	ساون بھادون
دھوم مچانا	دہی مچانا
دیگ کھنکنا	دیگ کھڑکنا
دیوانہ ہوجانا	جی چل جانا
دیوانی ہانڈی	باؤلی ہانڈی
دال ہندی	
ڈپٹنا	چمکنا

لکھنؤ	دہلی
ڈرپوک	پات گھابرڑا
ڈوہنی	بیڑی
ڈھال (نشیب کی طرف کا جھکاؤ)	ڈھلان
ڈھب ہو جانا	ساجھا لڑنا
ذال معجمہ	
ذات پات	ذات جماعت
ذراسی آگ دو	ذراسی آنچ دو
رائے مہملہ	
رانگا	رانگ
رسم وراہ ہونا	رسم وراہ پڑنا
رشتہ دار	گوتی
رشک	ریس
روٹھنے پر	روٹھنے پیچھے
روشن	اوجاگر
زائے معجمہ	
زانو بدلنا	زانو تولنا
زچہ خانہ	ساوڑ۔ سوڑ
سین مہملہ	
سابر (آلہ نقب زنی)	سبتل

لکھنؤ	دہلی
ساٹھی کے چاول	سٹھی چاول
سانس آتی ہے	پہانس آتا ہے۔
سائی	گٹی
ساہول۔	ہنسال
ساہوکار کا بیٹھکا	ٹھرا
سب کی موجودگی مین	تمام کی موجودگی مین
سبکی۔ (ہلکاپن)	ستھرائی
سبحان اللہ	سبحان ربنا
سبیل	پو۔ پیاؤ
سپولا	سپولیا
ست بجا	سترنج
سترھوان	ستروان
ستم کرنا	انیتی کرنا
ستمگار	دکھ دائی
ستّرہ	سترہ
ستھرائی۔ جھاڑو	بہاری
سٹھیا جانا	سٹھ جانا
سجنا	سجانا
سحر کرنا	صبح پکڑنا
سخت۔ سنگدل	کٹھور
سڈول	سڈھال
سر جھکانا	سر نوانا
سر ٹیکنا	سر پٹخنا

لکھنؤ	دہلی
سر بھرانا	مغز مارنا
سر بلانا	سر جمانا
سر ملنا۔	راس ملنا گٹھت ہونا
سر مغزن کرنا	مغز زنی کرنا
سسکی بھرنا	سبکنا
سفید	اُدجل
سفیدی	دُھلاپن
سمان	سما
سوجنا	اُوبل آنا
سہارا	ٹپس
سیر ہوجانا	اٹل ہوجانا
سینچنا	پاٹنا
شین معجمہ	
شاباش بواتمکو	پھوٹ بواتمکو
شالباف	قند۔
شپا لڑانا	ٹپس لگانا
شپا لڑنا	پلول ملنا
شپا لگانا	پنیری جمانا
شرارت سوجھنا	شیطان اوچھانا
شرابور	شوربور
شکر	کھانڈ
شمعین	شمعائین

لکھنؤ	دہلی
صاد مہملہ	
صاف کرانا	ادجلوانا
صرف ہوجانا	برڑ جانا
ضاد معجمہ	
ضدی	ہٹی
ضامن	ضمانتی
عین مہملہ	
عادت	بان
عاشق ہونا	آنکھیں چیکپا
علیحدہ بیٹھنا	فرق سے بیٹھنا
عہد عہد	عہد بعہد
غین معجمہ	
غصہ ور	غصیلا
غلاف کرنا	غلافنا
فای معجمہ	
فارغ ہونا	فراغت ہونا
فالسہ	جموا
فراش کی جورو	فراشی

لکھنؤ	دہلی
فربیا	چھلیا
فضیحتی	فضیحت
فضیحتیان	فضیحتیں
فکر و تردد ہے	پڑتا ہے
فیتل	لٹسن
فکر کی	فکر کیا

قاف معجمہ

لکھنؤ	دہلی
قابو ہونا	قابو لگنا
قسائی پن	نٹھرائی
قسم قسم	بھانت بھانت
قصہ بڑھانا	راڑ بڑھانا
قندی شراب	گڑ چھال کی شراب

کاف عربی

لکھنؤ	دہلی
کانا	کانڑا
کالی کھدری	کانڑی کھدری
کالا کلوٹا	دلوٹ
کالا آدمی	کالا بھنڈ
کان بہرے ہونا	کان گونگے ہونا
کب کے	کبھی کے
کٹورا بجنا	کٹورا جھنکنا
کٹھرا	کٹکھر
کثرت	بہتات

لکھنؤ	دہلی
کچی	ٹھیر
کرے	کر کر
کرور (گنتی)	کرڑوڑ
کریا	کروا
کسان	سائی
کسم	کسوم
کسی	کسو
کسیکو توڑ لینا	کسیکو اکھاڑ لینا
کلابازی کرنا	کلا کرنا
کلام منھ پر لانا	کلام منھ پر رکھنا
کلجبھی	کلھیاری
کنجڑا	کاچھی
کنڈا	ارنا
کواڑا	کواڑ
کوردبنا	کنے دبنا
کوڑا کرکٹ	آڑ گوڑ
کوٹھی والا	بینکر
کوکو پلاؤ	بیضہ پلاؤ
کوٹھو	کولو
کوئی	کوئی سی
کھانیکا تمباکو	زردہ
گھرگھرا	کھردرا
کھڑبچ	کھڑیچ

لکھنؤ	دہلی
گھڑکانا	گھڑگارنا
کھوٹا	اوگھا
کھونج لگنا	کھڑنچ لگنا
کہین (تحتانی مجہول)	کہوین
کھلی	کھل
کیونکھ	کیونکھ
کیلے کی گود	کیلے کی گیل

کاف فارسی

لکھنؤ	دہلی
گاڑھی چھننا	گہری گھٹنا
گانون	گانو
گٹّا	ٹخنا
گڈبڈ	گڈمڈ
گرہ کاٹنا	گانٹھ پھاڑنا
گرنٹ	گورنٹ
گڑھنا	گھڑنا
گوبھا	گھگّی
گوہا بجنی	انجن ہاری۔گوہاری
گوندھنا	گونتھنا
گھرگھر	گھر بہ گھر
گھڑسنا	اُڑسنا
گھل مل کر بیٹھنا	گھل کر بیٹھنا
گھوئیان	اروی
گیا گذرا	گیا گذرا ہوا

لکھنؤ	دہلی
گھومنا } پھرنا	پھرنا

لام مہملہ

لکھنؤ	دہلی
لپٹر	لیترا
لپیٹ	البیٹ
لجھی	پھوک
لس دار	لیس دار
لون (رنگ)	نون
لہو	لوہو

میم مہملہ

لکھنؤ	دہلی
ماش	اُڑد
مٹکا	گولا
مدار	آک۔اکوا۔اکواڑ
مدار کی بڑھیا	آگ کا ڈوڈا
مددگار	آڑی
مرنے کے بعد	مرے پیچھے
مرٹنا	پار اُترنا
مست ہوجانا	مستاجانا
مُشک	پکھال
مَشک خالی کرنا	مشک نبیڑنا
معمول سے	معمولی بموجب
مکھیون کی بھنبھناہٹ	مکھیون کی بھنکار

لکھنؤ	دہلی
منھ پر	رو در رو
ملے جلے	رلے ملے
مینھ کی جھڑی	ابر کا جھڑاکا
منقے	داکھ
موتی کا مالا	موتی مالا
مورچھل ہلانا	مورچھل کرنا
مونھ بیڑھا کرنا	خم روئی
مُہری	موہری
مہمان	پاہونا
میل جول	آنٹ سانٹ

نون معجمہ

لکھنؤ	دہلی
ناپنا	ماپنا
ناکند	ناکد
نبل	نربل
نجس کرنا	قلتین کرنا
نرگل	نرسل
نزدیک	نیڑے
نشانا لگانا	سِپّا مارنا
نظروں پر چڑھنا	نظرون مین لگنا
نقارے کا ہاتھی	طبل کا ہاتھی
نقل کرنا	ٹیپنا
ننھے لڑکے	ریزگی لڑکے
ننھی ننھی توپین	مٹکنیان سی توپین

واؤ مہملہ

لکھنؤ	دہلی
وصلی	مشقی
وصول کرنا	اوگاہنا
وُوئی	اُوہی
وہان گئے ہوئے	وہان گئے کو
وہین	وہان ہی

ہائے ہوز

لکھنؤ	دہلی
ہتھنی	ہتھڑی
ہچکیان لینا	سبکیان بھرنا
ہریالی	ہریاول
ہم مین	اپنے مین
ہمین	ہم ہی
ہنڈولا	ہنڈولنا۔ پنگوڑا
ہوادار	تام جھام
ہوشیاری	سوجیتی
ہونے پر	ہوئے پیچھے

یای تحتانی

لکھنؤ	دہلی
یا تو	کیا تو
یہی	یہ ہی
یہین	یہان ہی

قسم دوم لکھنؤ و دہلی کے ہندو مسلم کے محاورات کا فرق

لکھنؤ	دہلی
الف ممدودہ	
آپ بیتی	آپ ہتی
آپ کو مٹانا / آپکو خاک مین ملانا	آپا تجنا
آپے مین نہ رہنا	بے آپے ہونا
آٹے کے ساتھ گھن پسنا	چنے کے ساتھ گھن پسنا
آسرا ڈھونڈھنا	آسرا جوہنا
آگ پر لوٹنا	آگ پے لوٹنا
آگے آگے	آگو آگو - اگاڑو اگاڑو
آگے رکھ لینا	اگاڑو رکھ لینا
آگ لگاؤ	بجلی بسنت
آٹھا گانا	آلا گانا
آمین آمین ہونا	امی امی ہونا
آنتین گلے پڑنا	آنتین گلے مین آنا
آنچ ہونا	بلنا
آنسو گرانا	آنسو ڈالنا
آنکھ بند ہونا	آنکھ مچنا
آنکھ کا تارا	پتلی کا تارا
آنکھ مارنا	آنکھ مچکانا
آنکھون سے خون برسنا	آنکھونمین خون برسنا
آنکھونکی روشنی	آنکھونکی ییلنگ
آنکھونمین حلقے پڑنا	آنکھونمین جفتے پڑنا
آنکھین گھٹنے آنا	آنکھین ٹوٹ آنا
آؤ بھگت کرنا	آگا تاگا لینا
الف مقصورہ	
اپنی طرف دیکھو	اپنی اور رہنا رو۔
اپنی گرہ کا جانا	اپنی گرہ کا کھلنا
اتفاق ہونا	اتفاق بننا
اٹوائی کھٹوائی لیکر پڑنا	آسن باٹی لیکر پڑنا
اٹھوالنا	اٹھمانا
اچھا کھانا	اچھا بھوجن
اچھے ہو	آنند ہو
ادھورا	ادبلولا
اڑی مین کام آنا	اڑی تھڑی مین کام آنا
اعتبار جانا	بھرم باندھنا
اقرار کرنا	بچن مارنا
اکھل کھرا	انکل کھرا
اکڑ فون	اکڑ پھون
اکیلے رہنا	ایکانت مین رہنا
الم غلم کہنا	الم غلم بجگنا

لکھنؤ	دہلی
الگ الگ	پرے پرے
الگ بیٹھنا	پرے بیٹھنا
اناج کا کیڑا	اناج کا کوتھلا
اَن بول	ان بھول
انڈے کے ملوک	انڈے کا شہزادہ
انتہا کا	پرلے سرے کا
انکار کرنا	بھوسی بتانا
انگڑائیاں لینا	انگڑائیاں توڑنا
اُبل جانا	اُبھن جانا
اوجھل ہونا	اُٹل ہونا
اُڑنچھو ہونا	اُڑانچھو ہونا
اُلٹ پلٹ کرنا	اُتھل پتھل کرنا
اُول فول	اُل تھل
اُمنگ ہونا	اُچنگ لگنا
اوندھی کھوپڑی	بینڈی کھوپڑی
ایک پاؤں کھڑا رہنا	ایک ٹانگ کھڑا رہنا
ایمان ڈگانا	جسم بگاڑنا
اینڈا اینڈا پھرنا	اینڈا اینڈا ڈولنا

بائے موحدہ

لکھنؤ	دہلی
بات پر قائم رہنا	بچن نبھانا
بات کا بتنگڑ	بات کا بتنگڑ
بار بار یاد کرنا	اُسیر کرنا
باڑھ	باڑ
بازارو چیز ہے	کاچو بھوجو ہے
بال کی کھال کھینچنا	بال چیرنا
بانات	تبنات
بانگر مؤ کا رہنے والا	بانگڑو
بچے کا پاؤں پاؤں چلنا	پانو پانو ڈولنا
بجت ہونا	اوت پڑنا
بخار سا معلوم ہوتا ہے	پیٹ جل رہا ہے
بدصورت	برمُوہی
بدگوئی	بگونا
بدنام کرنا	بُدّر کرنا
بدعہدی کرنا	بچن توڑنا
برادری سے خارج	برن ہین (تحتانی معروف)
بَرّاق (بالفتح)	بُرّاق (بالضم)
بَرّانا	بڑانا
برابری	برہ برّی - برو بری
بُرا بھلا کہنا	جھاننا
برتن میں ٹانکا دینا	اُکا جھالنا
بڑا افیمی	افیمی جڑا
بڑا ہوشیار	پکّا پیسا
بڑی داستان	جھگڑا چھونا
بڑی دقّت سے	بڑے کھاپولن
بِساہند	بِساند
بکھان کرنا	اکھیان کرنا
بکھیڑا پھیلانا	پچاپا پھیلانا

لکھنؤ	دہلی
بم چخ مچانا	بم مچانا
بند مین گرہ دینا	تنی مین گانٹھ دینا
بودا کام	ٹھک بند کام
بھاگڑ پڑنا	بھگی پڑنا
بہت نشے کا سامان ہونا	اولیتون بھنگ چونا
بھڑکانا	بدکانا
بھوک کا زور ہونا	آنتین ٹوٹنا
بھیانک معلوم ہونا	الو الو لگنا
بھید کھول دینا	اوگھار دینا
بھور کر دینا	بھور اڑانا
بیاہ	کراد
بیاہ رچانا	نیہلا پھیلانا
بے پروائی کرنا	اوکھیڑ کی لینا
بیٹھ رہنا	اکیس رہنا
بیقدری کرنا	پھٹکار اٹھانا
بیہودہ بکنا	اٹ پٹ بولنا
بیوہار کرنا	بنجنا
بیوہ کا دوسرا نکاح کرنا	اوڑھنا اوڑھانا

بای فارسی

پاپڑ بیلنا	پاپڑ پیٹنا
پاتراب کرنا / پرستھان کرنا	پرستھان کرنا
پاخانہ	بڑا استنجا

لکھنؤ	دہلی
پانی	اندھکیل
پالتھی مار کے بیٹھنا	پھسکڑا مارنا
پانون سمیٹنا	پانو سکیڑنا
پتا ہو جانا	پتا توڑ کر بھاگنا
پتھراؤ کرنا	پتھرا چوتھ کرنا
پرانا سانپ	بھمیا
پنڈا پھیکا ہونا	بدن پھیکا ہونا
پسینا بہنا	اوک بہنا
پونجی	اڑیوا
پور پور کرنا	بور بور کرنا
پوچھا پاچھی	پوچھا تاچھی
پھیڑ دلالی کرنا	پھیڑے کرنا
پھریری آنا	پھریری چھوٹنا
پہلو تہی کرنا	پہلو دینا
پھول وہی جو مہیسر چڑھے	پھول وہی جو مہیش چڑھے
پھیری لگانا	پنجی لگانا
پیٹ بولنا	پیٹ پکارنا
پیٹ کا کتا	پیٹ کا سورا
پیٹ مین کسر ہونا	آنت بھاری ہونا
پیشاب	چھوٹا استنجا
پیشاب کرنے جانا	اکی کرنا
پیشوائی کرنا	اگوائی کرنا

تای فوقانی

ترشح ہونا	باجرا برسنا

لکھنؤ	دہلی
ترپنا	بلاپ کرنا
تعلق کرنا	پالا ڈالنا
تفصیل وار	بیورے وار
تقدیر کا لکھا	بہ ماتا کے انچھر
تکلیف جھیلنا	تھاپ سہارنا
تمہارا کیا حوصلہ ہی	تمہارا کیا بوتا ہے
تنگی	بلون بلون
تنہا رہنا	ایکانت مین رہنا
تو بڑا چڑھانا	تھوبڑا چڑھانا
توجہ نہ کرنا	اوکھڑ بتانا
توکل آکاسی برت	آکاسی برت
تھگلی	تھیگلی
تہمت کا گھر	تہمت کی ٹٹی
تھو تھو ہونا	تھک ٹھک ہونا

ٹای ہندی

لکھنؤ	دہلی
ٹپس لگانا	ٹپی لگانا
ٹھسا	ٹھسک

جیم عربی

لکھنؤ	دہلی
جان بلب ہونا	آنکھو نمین جی کھچ آنا
جلسہ	اٹھ کونسل
جہنم بھر	جہنم تورڑی
جورو کا غلام	جورو کا جھڑکا

لکھنؤ	دہلی
جھگڑا کرنا	جخ پھیلانا
جھوٹا قول و قرار کرنا	بھوت تھے بجھوڑنا
جی خوش کرنا	آتما ٹھنڈی کرنا

جیم فارسی

لکھنؤ	دہلی
چار زانو بیٹھنا	بھسکڑا مارنا
چاندنا	چاننا
چراغ سحر	ترکا او دیوا
چندہ کرنا	پاپھڑ ڈالنا
چندیا گنجی ہونا	ٹانٹ گنجی ہونا
چھپا دینا	اِت اُت کر دینا

حاے حطی

لکھنؤ	دہلی
حرامی بچہ	آکاس پھل
حق جمانا	بنیر جمانا
حمایت کرنا	اوڑ کرنا

خاے معجمہ

لکھنؤ	دہلی
خاص کر کے	بشنس کر کے
خالی باتین کرنا	تھوتھی اڑانا
خبر کرنا	بیورا کرنا
خدا کے نام پر مانگنا	الکھ جگانا
خراب ہونا	آٹا ماٹی ہونا
خفا ہونا	جھنجھوٹی لینا

لکھنؤ	دہلی
خواہش	اِچھا
خوب بٹنا	بجوڑنا
خودغرضی	پٹل پھاڑنا
خوش مزاج	انندی پرسش
خوف سے دست آنا	بیٹ مین پانی پڑنا
خون لگاکر شہید ونین	
داخل ہونا	پینچ لڑانا

دال مہملہ

لکھنؤ	دہلی
دامن پکڑنا	اچرالینا
درخواست کرنا	بچن ڈالنا
دستو بکی راہ نکلنا	انتی سار ہوکر نکلنا
ڈکھڑا	بھتا
دور رہنا، کھنچے کھنچے رہنا	اینچے اینچے رہنا
دودھ پلانا	آنچل دینا
دیرکرنا	بلمانا
دیوانہ ہونا	باؤ بھڑکنا
دیا سلائی	دیوا سلائی

دال ہندی

لکھنؤ	دہلی
ڈھانک لینا	ڈھک لینا

ذال معجمہ

لکھنؤ	دہلی
ذرا ذرا آنکھیں کھولنا	آنکھیں ٹمٹمانا

لکھنؤ	دہلی

رائے مہملہ

لکھنؤ	دہلی
راکھ جھاڑنا	آگ دھونا
رخصت ہونا	بدا ہونا
رخنہ اندازی	پچکر مارنا، پچرا اڑانا، آنٹا
روح	
روک	بند پیچ
رونا پیٹنا	ہٹیک پٹیا ڈالنا

زائے معجمہ

لکھنؤ	دہلی
زٹل ہانکنا	ٹھوک بلونا
زناکار	استری گامی
زندگی پوری کرنا	جون پوری کرنا

سین مہملہ

لکھنؤ	دہلی
سامنے پھرنا	آگے ڈولنا
سخن پرور	بچن پال
سخت سست سننا	بھوگ پڑنا
سرتاپا جھوٹ، سفید جھوٹ	جیتا جھوٹ
سستی	ٹھس پن
سر ہونا	اوڑھنا گلے میں ڈالنا
سینچنا	پانی پلانا
سیانی لڑکی	برجوگ

لکھنؤ	دہلی
شین معجمہ	
شکر شکم پری ہونا شیرین کلامی	کھانڈ ادھوڑی تاننا امرت بانی
صاد مہملہ	
صبر کرو	دھیرج دھرو
ضاد معجمہ	
ضدی بچے کا رونا	بھبھڑا پسارنا
طای مہملہ	
طرفداری کرنا	اوڑا اوٹھنا
عین مہملہ	
عاجزی کرنا عاقبت اندیشی کرنا عادت عزت کی بیعزتی کرنا عہد توڑنا عہد کرنا عہد و پیمان کرنا عیب نکالنا	پاؤن مین سر دینا آپا سوچا کرنا بان اوڑھنا اوتارنا آن توڑنا آکھڑی لینا بچن دینا بدرانا۔بترانا

لکھنؤ	دہلی
عیش کرنا عیب لگنا	بشے کرنا۔بلکسنا بانک لگنا
غین معجمہ	
غریبا مؤ شادی کرنا غصہ ہونا غضب ڈھانا غل مچانا غیب کرنا	پھیرے ڈالنا بھبھوکے اوٹھنا چالے پاڑنا آکھری اوٹھانا بگوپا کرنا
فای معجمہ	
فتنہ پرداز فریب مین آنا فضیحتی فلک سیر کھلانا فنا ہونا	بڑھیا پھلاسرے مین آنا بھنڈ خرابا آسمانی پلانا بلکھنا
قاف معجمہ	
قاروزہ ملنا قتل عام کرنا قدم رنجہ فرمانا قریب مرگ ہونا قے کرنا قیاس سی بھید پانا	استنجا لڑنا گھمسن ڈالنا براجمان ہونا انت آپہونچنا پت چھانڈنا اجبر ذرے پکڑنا۔اوپر وشن پکڑنا

لکھنؤ	دہلی
کاف عربی	
کچھ بھی نہ دینا	ٹھوسا بھی نہ دینا
کچھ فرق رکھکر قیمت لگانا	اوچھل رکھنا
کسی کا پھل پانا	باپ پُوکھڑنا
کمی کو پورا کرنا	پوت پورا کرنا
کنوارپت	کنوار چھت
کاف فارسی	
گابھن ہونا	گیابھن ہونا
گالیاں دینا	بھنڈنا
گڑے مردے اُکھیڑنا	پرانے مردے اُکھیڑنا
گلہ کرنا	پرکھا کرنا
گھبرا جانا	برّا جانا
گھونگھٹ کرنا	اولا کرنا
لام مہملہ	
لٹکنے والا	انگ لگو
لتری	پتنگ چھری
لون	نون
لونڈی بچہ	برن شنکر
میم مہملہ	
ماں باپ کو برا کہوانا	پالیتوں کو پُنوانا

لکھنؤ	دہلی
مار ڈالنا	پران چھٹانا
متوجہ نہ ہونا	اوکھڑی کی لینا
متھنا	بلونا
محنت سے عاجز آنا	پچ مرنا
مرُبھکّا	بُھکّ موا
مشکل حل کرنا	اڑے کام سنوارنا
مشکیزہ	پکھال
مصیبت پڑنا	بپتا پڑنا
مفت کا	پھوکٹ کا
مونھ آنا	دودو مونھ آنا
نون معجمہ	
نااُمید ہونا	آس تجنا
نجات پانا	پھند کٹنا
نتھرا پانی	اجل پانی
نیک آدمی	اوتم پرش
واو مہملہ	
وقت پر	اڑی بھڑی پڑیا مین
ہای ہوز	
ہارنا	آن ماننا
ہم بستر ہونا	بھوگ بلاس کرنا بھوگ بھوگنا
ہمیشہ کا غریب	پوتڑوں کا دلدری

قسم سوم ہندو مسلمانون کے خاص خاص محاورات کا فرق

ہنود	اہل اسلام	ہنود	اہل اسلام
الف ممدودہ		**باے موحدہ**	
آدھا سیسی[1] آرنبھ کرنا	آدھی سیسی شروع کرنا	بابا - باوا - (جد و الد پدر) باپ - باپو - بوا (معروف و مضموم) پتا جی - لالہ بچھیا (بالکسر) ایک قسم کا زیور چاندی کا جو ہندو عورتین پانون کی انگلیون مین پہنتی ہین برت برت رہنا بالفتح برابیے بشن پد - بھجن بوا - (خواہر پدر) پھوپھو (قصباتی زبان) بھاگیرتھی (نام دریا) بھاگوان - ہر عورت کی طرف خطاب کرکے جس سے کچھ واسطہ و شناسائی نہ ہو۔ بھوج - (بالفتح و فتح واو مہملہ) دعوت بعد رخصت کے لائے دولہن کے	دادا ابا - ابا جان - ابا میان بچھوا[3] روزہ روزہ رکھنا تشریف رکھیے - بسم اللہ بشم پد پھوپھی بھاگا رتی بوا ولیمہ کا کھانا
الف مقصورہ			
ارتھی اُرو الوری - بفتحتین اَمان - میتا - امرتا - الف مفتوح میم مکسور رے مہملہ و تای فوقانی ہر دو ساکن اَتان (باپ کی مان) اَنہوڑی[2] اوپدیش اوپدیشک ایشر ایشر کی کرپا ہے ایشر نے چاہا تو	جنازہ ماشں برہی روٹی امی جان - والدہ امرت - الف مکسور و میم ساکن رے مہملہ مفتوح و تای فوقانی ساکن دادی گرمی دانہ وعظ واعظ اللہ - خدا تعالیٰ بفضلہ تعالےٰ انشاء اللہ تعالےٰ		

[1] مسلمانون کی زبان پر بھی یہ لفظ ہے ۱۲

[2] بعض مسلمان بھی بولتے ہین ۱۲

[3] بچھوے یا انگوٹھی کسنگو کہتے ہین وہان کہتے ہین ستم جب خرام اسنے کیا بچھوے ہوئے شمشیر پا۔

ہنود	اہل اسلام
پھوپھی (بڑے بھائی کی بیوی) بفتح موحدہ مخلوط الہا۔	بھابھی
بھوبڑی پھرنا بفتح موحدہ مخلوط الہا۔ بھانور پھرنا	نکاح ہونا
بینا (بالفتح)	حصّہ
بیگنی	بیگن کی بورانی
بینڈی	بنڈلی[1]

بائے فارسی

ہنود	اہل اسلام
پاٹ	تلاوت
پنچھ۔ بالفتح۔ نواسہ یا نواسی پیدا ہونے کی خوشی مین بیٹی والے کا داماد کے گھر پکوان اور میوہ اور گھی و گھنگھریاں و پوشاک زنانہ و مردانہ و نہالچہ و توشک و پوتڑے و زیور و پلنگ و بالناد نقد وغیرہ بھیجنا۔	چھٹولا۔ چھٹی
پرشاد	تبرک
پرمیشر	اللہ۔ خدا تعالیٰ

ہنود	اہل اسلام
پرمیشر کی دیا سے	بفضلہ تعالیٰ
پرمیشر نے چاہا تو	انشاء اللہ تعالیٰ
پرمیشر نہ کرے	خدا نخواستہ
پساج منتر	سفلی عمل
پکوڑی[2]	پھلکی
پھلوڑی (قصباتی زبان)	
پنی (بالکسر)	پیناڑی بہر دو تحتانی معروف
پھلکا۔ پتلی روٹی	چپاتی
پھول (استخوان دہ)	ہڈیاں
پیازہ اچھا ہے[3]	پیاز اچھی ہے

تائے فوقانی

ہنود	اہل اسلام
تیکھی بالکسر کاف عربی مخلوط الہا	سرہاہی
ترکاری	سالن

تائے ہندی

ہنود	اہل اسلام
ٹکٹی۔ بالکسر	جنازہ۔
ٹہلوی۔ بالفتح۔ خادمہ	ماما۔

جیم عربی

ہنود	اہل اسلام
جیٹھ سس بالکسر فتح سین مہملہ	بڑی سالی۔

[1] ناسخ ؎ تیری دونون ابرؤن مین سوئیگی بنڈلی نہین
لگی ہر قندیل زرین کعبے کی محراب مین

[2] بعض اہل اسلام بھی یہ لفظ بولتے ہین

[3] ہرچند اہل ہنود پیاز کو مذکر بولتے ہین مگر جو اصحاب فصحائے لکھنؤ ہین وہ مؤنث بولتے ہین۔

ہنود	اہل اسلام
جِجّی - ہر دو جیم عربی مکسور و جیم ثانی مشدد -	باجی
جُگنو[1] بالضم (نام زیور)	جُگنی - بالضم
جنتر - بفتح جیم عربی و نون معجمہ و تای فوقانی و رای مہملہ ہر سہ ساکن	جنتر - بروزن برتر -
جنم پتر - بای فارسی مفتوح و تای فوقانی و رای مہملہ ساکن -	جنم پترا
جوگ ابھیاس	ریاضت
جُھوس - رسا بضم جیم عربی مخلوط الہا و واو معروف	شوربہ[2]
جیا[3] (خواہر بزرگ) جیجا -	آپا[3]
	دولھا بھائی
جورو[4]	بی بی - بیوی

جیم فارسی

ہنود	اہل اسلام
چرن چھونا	قدمبوسی

ہنود	اہل اسلام
چھانٹ ہین	چھان بنان

حای حطی

ہنود	اہل اسلام
حلوا پوری کھاتے ہین	گوشت روٹی کھاتے ہین
(یعنی فارغ البال اور خوشحال ہین)	

دال مہملہ

ہنود	اہل اسلام
دادا - دَدّا	بھائی
دُھن	بہو
دھوپ دینا	بخور سلگانا
دھوانس	ماش کا آٹا
دیدی - ہر دو تحتانی معروف بمعنے خواہر بزرگ	بوبو - ہر دو واو معروف بمعنے خواہر بزرگ
دیوتا	فرشتہ
دیومنتر	علوی عمل

دال ہندی

ہنود	اہل اسلام
ڈنڈوت کرنا	سلام کرنا - تسلیم کرنا

۱ مسلمانون کی زبان پر زیور کے معنی مین بھی یہ لفظ ہے ۱۲

۲ کا لبتہ اکثر شوربہ ہی کہتے ہین ۱۲

۳ جیا - اور - آپا - دونون الفاظ خاص طور پر فریقین مین مستعمل ہین مسلمانون مین بعض مان کو بھی جیا کہتے ہین ۱۲

۴ مسلمان ہندو دونون بولتے ہین ۱۲

۵ اہل اسلام بھی یہ لفظ بولتے ہین ۱۲

۶ اہل ہنود بھی بولتے ہین مگر کم ۱۲

۷ دونون فریق بولتے ہین ۱۲

۸ یہ دونون لفظ دیہاتی ہندو مسلمان بولتے شہر مین نہین بولتے ۱۲

ہنود	اہل اسلام
رائے مہملہ	
راج	سلطنت، ریاست، تعلقہ
راجدھانی	دارالسلطنت، دارالریاست تختگاہ، صدر مقام
راجکمار	شہزادہ۔ رئیس زادہ
راجہ[1]	بادشاہ۔ تعلقہ دار۔ رئیس
رام لیلا	رونے کا میلہ
رسوئین	باورچیخانہ۔
رضائی	دولائی
سین مہملہ	
سادھارن	معمولی
سیاچھ کیجیے	بسم اللہ کیجیے
سری گنیش اینمہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم
سنگ بہتا	دل سگا۔ کاف فارسی مشدد
سماج۔ سبھا	جلسہ
سمندر	سمندر۔ بروزن قلندر
سناونی (خبر مرگ)	سنائی
سنگھاسن	تخت

[1] اہل اسلام بھی بولتے ہین ۱۲

ہنود	اہل اسلام
سنیچر	ہفتہ
سوموار	پیر۔ دوشنبہ
سہاگ رات	تخت کی رات
سُہنگی۔ بالضم	ساونی مہنگی
سہیلی	خواص
سیتا پھل	کدو۔ پیچتا پھل
شین معجمہ	
شاستر۔ سین مہملہ و تای فوقانی و رائے مہملہ ہر سہ ساکن	شاشتر۔ بروزن باختر و ہر دو شین معجمہ
قاف معجمہ	
قلیا	گوشت
کاف عربی	
کس مکان مین جنواسہ ہے	کس مکان مین برات اتری ہے
کھانا پرسنا	کھانا نکالنا
کلاوا	ناڑا
گور	نوالہ
کھیا۔ کاف عربی مخلوط الہا۔ سرادھ	تیجا۔ چالیسوان۔ دسیا۔
کھیر	شیر برنج۔

[2] اہل اسلام بھی بولتے ہین ۱۲

[3] اہل اسلام کی زبان پر بھی جاری ہے مگر فصحی شیر برنج کہتے ہین ۱۲

ہنود	اہل اسلام
کاف فارسی	
گٹھ بندھن	عقد
گُجھیا، بالضم وسکون جیم عربی مخلوط الہا۔	گوجھا
گجھیان	گوجھے
گدّی پر بیٹھنا	مسند نشین ہونا
گوکُل۔ کاف عربی مضموم	گوکل۔ کاف عربی مفتوح
گھومنا۔	پھرنا۔
لام مہملہ	
لالہ۔	ابّا[1]
لَپسّی	لپٹا۔ لپسی
لُچھّمی۔ جیم فارسی مخلوط الہا مشدد لکڑیون جانیکو ہین	لچھمی جیم فارسی مخلوط الہا غیر مشدد قبر مین پانوُن لٹکائے ہین
لوری۔ لام مضموم واو مجہول ہندو عورتون کی زبان پر	لوری۔ مسلمان عورتونکی بھی زبان پر ہے

(لوری)

ہنود	اہل اسلام
۱۔ نندریان بھائی نندریان، اُڑد کی روٹی ماچھریان،	اللہ اللہ کرتی تھی۔ گھی کے پاپڑ ملتی تھی، پاپڑ ہوئے تمام +

۱ دونون فریق دونون لفظ بولتے ہین ۱۲۔

۲ [اہل اسلام کی زبان پر بھی جاری ہے

۳ لوری اون چند فقرون کو کہتے ہین جو عورتین شیر خوار بچونکو سُلاتے وقت کہا کرتی ہین ۱۲

ہنود	اہل اسلام
۲۔ آجائی نندا ہو جائے رے بھیّے + بٹیا کی ساس کو لیجائے چور + چورن کے گھر گھیستی بھئی + بٹیا کی ساس کھاکے موٹی بھئی	بیٹا کرے آرام۔ ۲۔ ایک بنو ہے روئی سے سُسر کی پائنتی سوئی یہ کہتی تیری آنّا + جیوے بنی کا بنّا۔
۳۔ آ آری نندیا آ کیون نہ جا + میرے پیارے لال کو سُلا کیون نہ جا +	۳+ اللہ اللہ بھائی کے کان کاٹون دائی کے اللہ اللہ بھائی اللہ اللہ میری بی بی سوئے اللہ اللہ
۴۔ آری چڑو یترا رور دکرون + بھرکے کٹھوتا تیرا چھو و کرون	۴۔ ایک بنو ہے دور + اشکو پنڈ کھجور۔
میم مہملہ	
مائین	ممانی[1]
موسا	خالو
موسی	خالہ
موسائی بھائی	خالہ زاد بھائی
مونگوڑی	مونگ کی بڑی
ہمین یا میکھ	مین یا میخ

۱ خاص کر فصحا، اہل لکھنؤ اکثر ہندی الفاظ کو اپنی اُردو مین تبدیل کرکے بولتے ہین اسیطرح فصحا کی زبان پر دونون میخ ہی ہے ۱۲

قسم چہارم وہ غیر زبان کے الفاظ جو اُردو کے قالب مین ڈھال لیے گئے ہین

طبقۂ اول

سنسکرت اور ہندی الفاظ جو مہند بنا لیے گئے ہین

لفظ اصلی مع اعراب و علامت زبان	لفظ مہند	کیفیت
	(۱) بہ تبدیل اعراب	
اکارتھ (س)، بالفتح و بسکون رائے مہملہ و فوقانی مخلوط الہا	اکارتھ - بفتح رای مہملہ و سکون فوقانی مخلوط الہا -	بیفائدہ بے سود - اکارتھ کی ھ بھی اُردو مین گرادیجاتی ہے -
اَمرت - بالفتح و کسر میم مہملہ و سکون رائے مہملہ و فوقانی -	اِمرت - بالکسر و فتح رائے مہملہ	آب حیوان -
پتر (س)، بالفتح و سکون فتح قافی و رائے مہملہ	پتر - بالفتح و فوقانی مشدد	ورق -
جنتر (ہ)، بالفتح و سکون نون فوقانی و رائے مہملہ -	جنتر - بالفتح و سکون نون معجمہ و فتح فوقانی -	نقش و تعویذ - یا عبارت جو کندہ ہو
دلدر - (ہ)، بالفتح و کسر لام و سکون دال مہملہ -	دلدر - بفتحتین و دال مہملہ ثانی مشدد	فلاکت مفلسی نیز مفلس خلائق
رِت (س)، بالکسر و ضم فوقانی	رُت - بالضم و سکون ثانی	فصل - موسم
سورج (س)، بالضم واو معروف و سکون رای محلہ و جیم عربی -	سورج - بالضم واو معروف و فتح رائے مہملہ -	آفتاب -
گنتی (ہ)، بالفتح	گِنتی - بالکسر	شمار
گننا (ہ)، بالفتح	گِننا - بالکسر	شمار کرنا
گھسنا (ہ)، بالفتح کاف فارسی مخلوط الہا	گِھسنا - بالکسر کاف فارسی مخلوط الہا	سودن کا ترجمہ سودا کے زمانے تک بالفتح ہندی مین بھی رائج تھا

[illegible]

لفظ اصلی مع اعراب و علامت زبان	لفظ ہند	کیفیت
منتر - (ہ)، بالفتح وسکون نون معجمہ وفوقانی -	منتر - بالفتح وفتح فوقانی	افسون - اسم وغیرہ
ہرن - بالفتح وکسرِ رائے مہملہ	ہرن - بالکسر وفتح رائے مہملہ	آہو
ہلنا (ہ)، بالفتح	ہلنا - بالکسر	جنبش مین آنا
	(۲) بہ تبدیل حروف	
اپی (س)،	بھی	
اکھاڑہ (ہ)، بالفتح	اساڑھ	جیٹھ کے بعد کا ہندی مہینہ
اگر (س)،	آگے -	آئندہ -
اگن (س)،	آگ	آتش -
بادر (ہ)،	بادل	ابر -
برا - بالفتح سلک تلنگانہ کی زبان	بڑا -	دال ماش پیکر جو قرص گھی مین تلے اور دہی مین بھگوئے جائین -
بار - (ہ)،	بال	مو
بواہ (ہ)،	بیاہ	شادی
پاتی	پتی - بالفتح فوقانی مشدد	برگ
بھکت	بھگت	زاہد - عابد
بہو	بہت	
بھاش	بھیک	
پاتھر (ہ)،	پتھر - فوقانی مشد	سنگ -
پاچھے (ہ)،	پیچھے	پس
پورن (ہ)، بالضم واو معروف وفتح رائے مہملہ -	پورا -	کامل - مکمل -

کیفیت	لفظ مہند	لفظ اصلی مع علامت زبان
زرد	پیلا	پیتیر (ہ)
جنبش میں آنا کسی عضو کا	پھڑکنا۔ رای ہندی	پھرکنا (ہ) رای مہلہ
بعد میں	تب	تد (س) بفتحتین
کعبِ پا	تلوا	تروا (ہ) بالفتح
شمشیر	تلوار	تروار (ہ)
نیچے	تلے	ترے (ہ) تحتانی مجہول
بریان کرنا روغن میں۔	تلنا	ترنا (ہ)
ستارا۔ انجم۔ ثاقب۔	تارا	تارک (س)
قفل۔	تالا۔	تارا (ہ) رای مہلہ
کنجی	تالی	تاڑی (ہ) رای ہندی
رکابی طبق	تھالی	تھاری (ہ) تحتانی معروف
	تس۔ بالکسر	تہ (ہ) بالکسر
	ٹالنا	ٹارنا (ہ)
	جسکو	جاکو (ہ)
	جسکی	جاکی (ہ)
	یہ	جہ (ہ) بالکسر
	اسی	جاہی (ہ)
	جب	جد (س)
	جلنا	جرنا (ہ) بالفتح
آسیا	چکی	چاکی (ہ)
پرتو ماہ	چاندنی	چاندری (ہ)
غربال	چھلنی	چالنی (ہ)
نمبردار۔ مقدم	چودھری	چترذھر (س)
ماہ۔	چاند	چندر (س)

لفظ اصلی مع علامت زبان	لفظ مہند	کیفیت
چیکن (ہ)	چکنا	
چھیتر (ہ)	کھیت	
دار (ہ)	دال	
دھاپ (ہ)	دھوپ (دوڑ کا مرادف)	دوادوش
ڈار (ہ)	ڈال	شاخ۔ ٹہنی
رسری (ہ)	رسّی	رسن۔
رودن (س)	رونا	
ست (س)	سچ	صدق ۔
سپت (س) بالفتح وسکون بائے فارسی	سات	ہفت
سنبھارنا (س)	سنبھالنا	
سوجی (ہ)	سوئی	سوزن
سہاری (ہ)	سُہالی	
سہاگل (ہ)	سہاگن	وہ عورت جسکا شوہر زندہ ہو۔
شکت (س) بفتح شین معجمہ وسکون کاف عربی	سکت۔ بفتحتین وسین مہملہ	طاقت
شِمسان (س) بالکسر	سُنسان	سنسکرت مین شمسان مرگھٹ کو کہتے ہین
کاج (ہ)	کام	کار
کارا۔ کارورہ (ہ) واؤ مجہول	کالا	سیاہ
کاہ (ہ)	کیا۔ تحتانی مخلوط التلفظ	چہ
کاہے (ہ)	کیون	
کترکا (س)	کترنی	مقراض
کد (س)	کب	
کرا (ہ)	کیا	
کونڑ (س)	کونا	گوشہ
کِہکا۔ کِہکی (ہ) بالکسر	کسکا۔ کسکی	

یہاں علم نامزدگی ہے

لفظ اصلی مع علامت زبان	لفظ مہند	کیفیت
کرن (س)	کان	گوش
کوچر (س)	کوچی	برش
کھمبھ (ہ)	کھمبا	ستون
گانڑا (س)	گنّا	
گر (ہ)	گلا	گردن
گا۔ گوا۔ ہ۔ بالفتح	گیا	
گرنت (س) بالکسر رائے ہندی و سکون نون	گنتی	شمار
گرہ (س)	گھر	خانہ
گرام (س)	گاؤں	موضع
گئو (ہ)	گائے	
لوک (س)	لوگ	
لچھ (ہ)	لاکھ	
ماٹی (ہ)	مٹّی	
ماچھر (ہ)	مچّھر	
ماچھی (ہ)	مکّھی	
مکتا (س)	موتی	
نکر (س)	نگر (نہنگ دریا	
نانھا۔ گجراتی زبان ۔ نانھ (ہ)	ننھا	چھوٹا۔
نپتر (س)	پوتا	
نکسنا (ہ) بالکسر	نکلنا۔ بالکسر	
نکرہ۔ س	ناکا	یعنے نہنگ دریا
وادر (س)	بات	سخن
ہتا (ہ)	تھا	
ہے (س) بالکسر تحتانی مجہول	اَہی۔ بالفتح	

لفظ اصلی مع علامت زبان	لفظ ہند	کیفیت
ہیاؤ (ہ) بالکسر	ہواؤ	جرأت
ہلّا (ہ)، بالفتح و لام مشدد	ہلڑ	غل، شور
	(۳) بہ تخفیف حروف	
آمر (س)	آم	انبہ
آؤنا (ہ)	آنا	آمدن
